**22.06.2025**

**2115 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں اسلم بیگ

**Music**

--------------------------------

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے ایران اور اسرائیل کے درمیان حالیہ تنازعہ کی کشیدگی کے دوران، ایران کے صدر مسعود پیزشکیان سے بات چیت کی۔ انہوں نے اِس کشیدگی کو مذاکرات اور سفارتی کوششوں کے ذریعے فوری طور پر دور کرنے کی اپیل کی ہے۔

☆ آپریشن سندھو کے تحت ایران سے مزید 311 بھارتی شہریوں کو واپس لایا گیا۔

☆ ایران کی پارلیمنٹ نے ایرانی نیوکلیائی تنصیبات پر امریکی حملوں کے بعد، آبنائے ہُرمز کو بند کرنے کی منظوری دے دی ہے، جو تیل لے جانے والے جہازوں کا ایک اہم راستہ ہے۔ ایران کی اعلیٰ سلامتی کونسل اِس سلسلے میں حتمی فیصلہ کرے گی۔

☆ وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ نکسل مخالف کارروائی، مانسون میں بھی جاری رہے گی۔ انہوں نے اگلے سال مارچ تک ماؤنوازوں کے مکمل خاتمے کے حکومت کے عزم کو دوہرایا۔

☆ بھارت کے محکمۂ موسمیات نے مدھیہ پردیش اور گجرات میں کل تک انتہائی شدید بارش کے پیش نظر ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔

☆ اور... کرکٹ میں میزبان انگلینڈ کی پوری ٹیم، اینڈرسن–تندولکر ٹرافی کے پہلے ٹیسٹ کی پہلی اننگز میں بھارت کے 471رن کے مقابلے میں 465رن پر آؤٹ ہوگئی۔

--------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے---

**PM Modi Iran Prez**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج ایران کے صدر مسعود Pezeshkian سے بات چیت کی اور ایران اور اسرائیل کے درمیان جاری لڑائی میں حالیہ تیزی پر گہری تشویش کا اظہار کیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے اس بات کو اجاگر کیا کہ انھوں نے موجودہ صورتحال کے بارے میں تفصیلی تبادلۂ خیال کیا۔ وزیر اعظم مودی نے اس بات کا اعادہ کیا کہ فوری کشیدگی کم کی جائے، مذاکرات اور ڈپلومیسی کا راستہ اختیار کیا جائے اور علاقائی امن، سلامتی اور استحکام جلد بحال کیا جائے۔ صدر Pezeshkian نے خطے میں موجودہ صورتحال کے بارے

میں وزیر اعظم مودی کو تفصیلی جانکاری دی۔ جناب مودی نے ان سے کہا کہ بھارت امن اور انسانیت کا طرفدار ہے۔ وزیر اعظم نے بھارتی برادری کی بحفاظت واپسی کیلئے ایران کی طرف سے دی جانے والی مدد کیلئے بھی صدر Pezeshkian کا شکریہ ادا کیا۔ دونوں رہنماؤں نے تجارت اور اقتصادی اشتراک، سائنس وٹیکنالوجی اور عوام سے عوام کے درمیان رابطوں سمیت مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مستحکم کرنے کی کوششیں جاری رکھنے کے مشترکہ عہد کا اعادہ کیا۔x

## US Strikes Iran Statement

اس سے پہلے آج صبح قوم سے خطاب کرتے ہوئے امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ حملے کا مقصد ایران کی نیوکلیائی افزودگی اور دہشت گردی کی سرکاری اعانت کرنے والے دنیا کے نمبر ایک ملک کی جانب سے درپیش نیوکلیائی خطرے کو روکنا تھا۔ اسرائیل کے وزیر اعظم بنیامین نیتن یاہو نے ایک ویڈیو پیغام میں ایران کی نیوکلیائی تنصیبات پر حملہ کرنے کے فیصلے پر امریکی صدر ٹرمپ کو یہ کہتے ہوئے مبارکباد دی ہے کہ اس سے تاریخ بدل جائے گی۔ انھوں نے مزید کہا کہ آپریشن Rising Lion کے تحت اسرائیل نے واقعی حقیقت میں شاندار کارنامہ انجام دیا ہے۔ اسرائیل کی دفاعی فورسز نے کہا ہے کہ وہ ایران پر خاص طور سے Fordow میں افزودگی کی تنصیب پر امریکی حملوں کے نتائج کا جائزہ لے رہی ہے۔ اسرائیل کے فوجی ترجمان نے اِس بات پر زور دیا کہ اسرائیل کو ایران میں مختلف مقاصد حاصل کرنے ہیں اور وہ اس کیلئے امکانی توسیعی مہم کی تیاری کر رہا ہے۔ اسرائیل، امریکہ کے ساتھ قریبی تال میل جاری رکھے ہوئے ہے اور نشانہ بنائے جانے والے سبھی مقامات پر صورتحال کا جائزہ لے رہا ہے۔پیش ہے ایک رپورٹ......

VC Vinod Kumar

ایران نے اعلان کیا ہے کہ امریکی اور اسرائیلی حملوں کے بعد جوابی کارروائی کیلئے اس کے پاس سبھی متبادل موجود ہیں۔ اُس نے خبردار کیا ہے اِن حملوں کے دیرپا نتائج ہوں گے، جن سے مغربی ایشیا کا فوجی منظرنامہ تبدیل ہوسکتا ہے۔ ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے امریکی کارروائیوں کی مذمت کی ہے اور اسے بین الاقوامی قوانین اور اقوام متحدہ منشور کی سنگین خلاف ورزی قرار دیا ہے، جبکہ ملک کی ایٹمی توانائی تنظیم نے زور دے کر کہا ہے کہ ان حملوں سے اس کا نیوکلیائی پروگرام نہیں رُکے گا۔ بتایا جاتا ہے کہ ایران کئی امکانی لائحۂ عمل پر غور کر رہا ہے جس میں خطے میں امریکی اور اسرائیلی ٹھکانوں پر براہِ راست فوجی حملے سے لے کر لبنان، شام، عراق اور یمن میں پروکسی گروپوں کے اپنے وسیع نیٹ ورک کو بروئے کار لانا شامل ہے۔ایرانی عہدیداروں نے خطے میں امریکی اہلکاروں اور اثاثوں کو نشانہ بنائے جانے کے امکان کا بھی اشارہ دیا ہے۔

دبئی سے ونود کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں فیصل خان

## Hammer Details

پنٹاگن کے سینئر عہدیداروں نے ایران کے تین نیوکلیائی ٹھکانوں Fordo، نتانز اور اسفہان میں بمباری

کرنے کی امریکی کارروائی کی نئی تفصیلات کا انکشاف کیا ہے۔ جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کے چیئرمین Gen. Dan Caine نے آج صبح بتایا کہ آپریشن Midnight Hammer امریکی تاریخ میں سب سے بڑا B-2 آپریشنل حملہ تھا اور ٹھکانوں کو بہت زیادہ تباہ وبرباد کردیا گیا ہے۔ Caine نے بتایا کہ مشن میں سات B-2 Sprit بمبار شامل تھے۔

S/B Gen. Dan Caine

**with Add US Strikes Iran Statement**

اسی دوران بین الاقوامی ایٹمی ایجنسی IAEA نے تصدیق کی ہے کہ ایران کی نیوکلیائی تنصیبات پر امریکی حملوں کے بعد تابکاری کی سطح میں کوئی اضافہ نہیں ہوا ہے۔ بعد میں ایجنسی کے سربراہ رافیل گروسی نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ ایجنسی، ایران میں ہنگامی صورتحال کے تناظر میں کل ایک میٹنگ منعقد کرے گی۔

جاری تنازعہ کے دوران آج دوپہر تک 311 بھارتی شہری نئی دلّی پہنچے ہیں۔ یہ لوگ ایران کے مشہد شہر سے خصوصی پرواز کے ذریعے آئے ہیں۔ وزارت خارجہ نے بتایا کہ آپریشن سندھو کے تحت ابھی تک ایران سے ایک ہزار 428 بھارتی شہریوں کو لایا گیا ہے۔

S/B People

ایران میں بھارتی باشندوں کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ تہران میں بھارتی سفارتخانے کے رابطے میں رہیں، جس کیلئے وزارت خارجہ نے نئی دلّی میں ایمرجنسی ہیلپ لائن اور ہمہ وقت کنٹرول روم قائم کیا ہے۔

تہران میں بھارتی سفارتخانے کا ایمرجنسی ہیلپ لائن نمبر اس طرح ہے:

پلس نو آٹھ، نو ایک، دو آٹھ ایک، صفر نو، ایک ایک پانچ

اور

پلس نو آٹھ، نو ایک، دو آٹھ ایک، صفر نو، ایک صفر نو

اِس کیلئے ای–میل پتہ بھی ہے :

cons.tehran@mea.gov.in

نئی دلّی میں وزارت خارجہ کی طرف سے قائم کیے گئے، ہمہ وقت کنٹرول روم ہیلپ لائن نمبر ہے:

آٹھ صفر صفر، ایک ایک، آٹھ سات نو سات۔ یہ ٹول فری نمبر ہے۔

دیگر نمبر اس طرح ہیں:

پلس نو ایک، ایک ایک، دو تین صفر ایک، دو ایک ایک تین

پلس نو ایک، ایک ایک، دو تین صفر ایک، چار ایک صفر چار

اور

پلس نو ایک، ایک ایک، دو تین صفر ایک، سات نو صفر پانچ

اِس کیلئے ای–میل پتہ ہے:

situationroom@mea.gov.in

**Iran Hormuz Closed**

ایران کی پارلیمنٹ نے، امریکہ کی طرف سے ایران کی تین نیوکلیائی تنصیبات پر بمباری کے بعد آبنائے ہرمز کے راستے تیل کے جہاز بھیجنے کا سلسلہ بند کیے جانے کو منظوری دے دی ہے۔ ایران کے سرکاری میڈیا نے آج بتایا ہے کہ اِس سلسلے میں حتمی فیصلہ، قومی سلامتی کی سپُریم کونسل کرے گی۔ آبنائے ہُرمز، دنیا کی اُن تنگ جگہوں میں سے ایک ہے، جس سے تیل کی سپلائی کا دنیا کا پانچواں حصہ اور رقیق بنائی گئی قدرتی گیس کا تیسرا حصہ گزرتا ہے۔ ابھی تک زیادہ تر ماہرین کا اتفاق ہے کہ ایران، اِس نہر کے بہت زیادہ قریب نہیں جائے گا لیکن ایسا لگتا ہے کہ آج صبح امریکی کارروائی سے اِس نظریے میں تبدیلی آ گئی ہے۔ یہ نہر، خلیجِ فارس کو بحیرۂ عرب اور بحرِ ہند سے ملاتی ہے۔ یہ نہر ایران کو عرب جزیرہ نما سے الگ کرتی ہے۔ اِس آبی گزرگاہ میں جہازوں کے آنے اور جانے کیلئے راستہ محض تین تین کلو میٹر ہے، جس کی وجہ سے یہاں حملوں کا خطرہ ہے اور اِس نہر کے بند ہوجانے کا اندیشہ ہے اور ایران کی پارلیمنٹ نے اب اِسے بند کرنے کا ہی فیصلہ کیا ہے۔ x

**Iran Russia**

ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے آج کہا ہے کہ وہ کل صبح، روس کے صدر ولادیمیر پوتن سے ملاقات کیلئے ماسکو جائیں گے۔ یہ بیان، امریکہ کی طرف سے ایران کی نیوکلیائی تنصیبات پر B-2 بمبار جہاز سے حملہ کیے جانے کے بعد، ایک پریس بیان کیلئے دیا گیا ہے۔ عراقچی نے ترکیے کی راجدھانی استنبول میں ایک کانفرنس میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے روسی میڈیا کی طرف سے پوچھے گئے ایک سوال کے جواب میں یہ بات کہی۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ملکوں کے درمیان دفاعی شراکت داری ہے اور دونوں ہی ملک ہمیشہ ایک دوسرے سے صلاح مشورہ کرتے ہیں اور تال میل رکھتے ہیں۔ x

**World Leader US Iran**

امریکی فوج نے، جو ایران کی نیوکلیائی تنصیبات پر حملے کیے ہیں، اُن کی وجہ سے بین الاقوامی سطح پر ردعمل ظاہر کیا جانے لگا ہے، جس کے تحت عالمی رہنما، صبر وتحمل سے کام لینے اور مغربی ایشیا میں اِس تنازعہ کے مزید ابتر ہونے کے اندیشے کے دوران سفارتی کوششوں کی طرف واپس آنے کی اپیل کر رہے ہیں۔

برطانیہ کے وزیر اعظم Keir Starmer نے خطے کے استحکام کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے، امریکی کارروائی کے تئیں حمایت کا اظہار کیا ہے۔فرانس نے تشویش ظاہر کرتے ہوئے امریکہ، ایران اور اسرائیل سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ صورتحال کی مزید ابتری سے بچنے کیلئے تحمل کا مظاہرہ کریں کیونکہ خطے میں یہ تنازعہ اور بھی بڑھ سکتا ہے۔آسٹریلیا نے ایک سرکاری بیان میں کہا ہے کہ ایران کا نیوکلیائی اور بیلیسٹک میزائل پروگرام، بین الاقوامی امن و سلامتی کیلئے ایک خطرہ ہے۔

سعودی عرب نے ایک بیان میں بین الاقوامی برادری سے کہا ہے کہ وہ اِس بحران کو کم کرنے کی تمام تر کوششیں کرے اور اُس نے اِس معاملے کا ایک سیاسی حل چاہا ہے۔

قطر کی وزارت خارجہ نے خبردار کیا ہے کہ اِس جاری کشیدگی کے، کافی گہرے نتائج برآمد ہوسکتے ہیں۔

عمان کی وزارت خارجہ نے امریکی حملوں کی سخت مذمت کی ہے اور اِنہیں بین الاقوامی قانون نیز اقوام متحدہ کے منشور کی سنگین خلاف ورزی قرار دیا ہے۔ x

## Air Travel Disruptions

مغربی ایشیا میں جاری تنازعہ کے دوران پورے خطے میں ہوائی سفر میں بڑے پیمانے پر رکاوٹیں آرہی ہیں۔ اب ایئر لائنز سلامتی کو درپیش بڑھتی ہوئی تشویش کی وجہ سے، خطے کے بہت سے فضائی علاقوں سے گریز کر رہی ہیں، جس کی وجہ سے پروازوں میں تاخیر ہو رہی ہے، اِن کے راستے طویل ہوگئے ہیں اور فضائی سفر پر زیادہ لاگت آرہی ہے۔ پروازوں پر نظر رکھنے سے متعلق خدمات کے مطابق، تجارتی طیاروں کو ایران، عراق، شام اور اسرائیل جیسے ملکوں پر سے گزارنے سے بچا جا رہا ہے۔ اِس کے بجائے یہ طیارے Caspian سمندر، مصر یا سعودی عرب جیسے محفوظ ملکوں کے راستے گزر رہے ہیں۔ اِس کی وجہ سے ایندھن کی زیادہ کھپت ہو رہی ہے اور پروازوں پر زیادہ خرچ آرہا ہے۔ x

## Chhattisgarh Amit Shah

وزیر داخلہ امت شاہ نے آج سہ پہر رائے پور میں نیشنل فورینسک سائنسز یونیورسٹی اور سینٹرل فورینسک سائنس لیباریٹری کا سنگ بنیاد رکھا۔ یہ چھتیس گڑھ میں فوجداری مقدمات میں انصاف کے بنیادی ڈھانچے کو مستحکم کرنے کے سلسلے میں ایک اہم قدم ہے۔ اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے جناب شاہ نے کہا کہ نکسل مخالف کارروائی مانسون کے دوران بھی جاری رہے گی۔ انھوں نے اگلے برس 31مارچ تک ملک سے ماؤنوازوں کا صفایا کئے جانے کے حکومت کے عزم کا اعادہ کیا۔ انھوں نے ماؤنوازوں سے اپیل کی کہ وہ خود سپردگی کردیں اور ریاستی سرکار کے بازآبادکاری کے پیکیج کا فائدہ اٹھاتے ہوئے اصل دھارے میں شامل ہوجائیں۔

S/B 2100 Amit Shah/ End of Naxalism

بعد میں وزیر داخلہ نے بائیں بازو کی انتہا پسندی سے متاثرہ ریاستوں کے اعلیٰ عہدیداروں کے ساتھ رائے پور میں اعلیٰ سطح کی ایک میٹنگ کی صدارت کی۔ جناب شاہ چھتیس گڑھ کے دو دن کے دورے پر آج سہ پہر رائے پور پہنچے ہیں۔x

## 11 yhears of Govt – Special Feature

بھارت میں سیوا، Sushasan اور غریب کلیان کے اصولوں پر چلتے ہوئے پچھلے گیارہ سال میں قابل قدر تبدیلیاں آئی ہیں۔ آکاشوانی نیوز مختلف اہم شعبوں میں گذشتہ گیارہ سال کے دوران سرکار کی کوششوں کے بارے میں ایک خصوصی فیچر پیش کر رہا ہے۔ آج ہم جس موضوع پر توجہ مرکوز کر رہے ہیں، اُس کا عنوان ہے ''بھارت کا توانائی کا انقلاب – جرأت مندانہ اصلاحات، صلاحیت میں ریکارڈ اضافے اور ماحولیات کے لیے سازگار اور بھروسے

مند بجلی کی پرزور وکالت کی ایک دہائی‘‘۔
پیش ہے ایک رپورٹ:

V/C - Vishnu

گزشتہ دہائی کے دوران بھارت کے بجلی کے شعبے نے شاندار ترقی کی ہے۔ اس میں بڑھتی مانگ، متعلقہ اہمیت کے حامل بنیادی ڈھانچے کی ترقی اور روائتی اور قابل تجدید دونوں قسم کے توانائی کے وسائل کے لئے ٹھوس پالیسی معاونت کا اہم رول رہا ہے۔ جون 2025 تک، ملک کی بجلی کی نصب شدہ کُل صلاحیت 476 گیگاواٹ تک پہنچ گئی ہے۔ اس میں تقریباً نصف بجلی، غیرروایتی ایندھن کے وسائل سے تیار کی گئی ہے۔ صرف قابل تجدید توانائی سے 226 گیگاواٹ بجلی تیار کرنے کے ساتھ ہی، بھارت، شمسی توانائی سے بجلی تیارکرنے کی صلاحیت میں عالمی سطح پر تیسرے مقام پر اور ہوا سے بجلی تیار کرنے میں چوتھے مقام پر پہنچ گیا ہے۔PM -سوریہ گھر یوجنا سے ملک بھر کے گھر روشن ہورہے ہیں۔ جبکہ PM - کسم اسکیم، شمسی توانائی کے ذریعہ آبپاشی کی بدولت، کسانوں کو بااختیار بنارہی ہے۔نیشنل گرین ہائیڈروجن مشن سے لے کر بین الاقوامی شمسی اتحاد تک، بھارت، نہ صرف یہ کہ توانائی سے متعلق اپنی ضروریات پوری کررہا ہے بلکہ ماحولیات کے لئے زیادہ سازگار مستقبل کی سمت میں سرکردہ کردار بھی ادا کررہا ہے۔
وشنوکی رپورٹ کے ساتھ، اُردو خبروں کے لئے میں رضی احمد

## IMD Weather

بھارت کے محکمہ موسمیات IMD نے مدھیہ پردیش اور گجرات میں کل تک انتہائی شدید بارش سے متعلق ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ شمال مغربی اور شمال مشرقی بھارت میں بھی اگلے تین سے چار دن تک شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ جنوب مغربی مانسون ہماچل پردیش، لداخ، جموں وکشمیر اور پنجاب کے بعض حصوں میں مزید آگے بڑھ گیا ہے۔

راجستھان، ہریانہ اور دلّی میں اور مغربی اترپردیش، پنجاب، ہماچل پردیش اور جموں کے باقی حصوں میں بھی اگلے دو دن کے دوران جنوب مغربی مانسون کے مزید آگے بڑھنے کیلئے حالات سازگار ہیں۔ تمل ناڈو، ساحلی آندھراپردیش، Yanam اور رائل سیما کے بعض حصوں میں 24جون تک گرمی اور حبس جیسے حالات قائم رہنے کا قوی امکان ہے۔x

## Test Cricket

کرکٹ میں Leeds میں Headingley کے مقام پر اینڈرسن–تندولکر ٹرافی کے پہلے ٹیسٹ میچ کے تیسرے دن بھارت نے اب سے کچھ دیر پہلے تک میزبان انگلینڈ کے خلاف اپنی دوسری اننگز میں ایک وکٹ پر 45رن بنا لئے تھے۔اِس سے پہلے دن میں انگلینڈ کی پوری ٹیم، پہلی اننگز میں بھارت کے 471رن کے مقابلے میں 465رن پر آؤٹ ہوگئی تھی۔ x

☆☆☆☆☆☆